E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com..... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS

ABC Certified

روزنامہ پبلک فیصل آباد

فیصل آباد، کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 24 | منگل 27 اکتوبر 2026ء/15 جمادی الاول 1448ھ/ قیمت 10 روپے | شمارہ 255

وفاق کو کاروباری آسانی کیلئے ڈیجیٹلائزیشن کیلئے ٹیکنیکل معاونت کی پیشکش ، کاروباری آسانی کیلئے اصلاحاتی ایجنڈے پر تبادلہ خیال

آسان کاروبار فرنانس سکیم کے ذریعے

نوجوانوں کو اپنا روزگار کی طرف مائل کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ

پنجاب میں سرمایہ کاری کے فروغ اور صنعت کاروں کی آسانی کیلئے بہت محنت کی گئی، یہاں کے ہر پراجیکٹ میں مریم نواز شریف اور ان کی ٹیم کی محنت کی جھلک نظر آتی ہے، ہارون اختر

پنجاب ٹیکس نیٹ بڑھا کر نیا ٹیکس عائد کیے بغیر واجبات کی وصولی کا ریکارڈ قائم کر رہا ہے، زمینی حقائق کو مدنظر رکھ کر بزنس مین کیلئے آسانیاں پیدا کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب اس موقع پر وزیراعظم کے آزاد ڈھٹر برائے کامرس احسان الفضل خان بھی موجود تھے۔ مریم نواز شریف سے وزیراعظم کے مشیر برائے انڈسٹری و پیداوار ہارون اختر کی سربراہی میں خصوصی کمیٹی نے ملاقات کی۔ اصلاحاتی کمیٹی نے پنجاب میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے اقدامات کو سراہا۔ وزیراعظم کے مشیر برائے انڈسٹری و پیداوار ہارون اختر نے کہا کہ پنجاب میں انڈسٹری اور بزنس کے فروغ کیلئے متاثر کن اقدامات کیے گئے ہیں۔ کاروباری آسانی اور انڈسٹری کے فروغ کیلئے ہم جو سفارشات لیکر آئے ہیں، پنجاب پہلے ہی یہ اقدامات کر چکا ہے۔ پنجاب میں سرمایہ کاری کے فروغ اور صنعت کاروں کی آسانی کیلئے بہت محنت کی گئی۔ پنجاب کے ہر پراجیکٹ میں مریم نواز (باقی صفحہ اندرونی نمبر 1)

جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کے لیے ضروری ہے کہ تنازعہ جموں وکشمیر کو پُرامن، بامعنی مذاکرات اور بین الاقوامی ذمہ داریوں کی پاسداری کے ذریعے حل کیا جائے

سپیکر پرامن حل ناگزیر ہے

خطے میں پائیدار امن کے قیام کیلئے مسئلہ کشمیر کا کشمیری عوام کی امنگوں اور سلامتی کونسل کے قراردادوں کے مطابق

پارلیمانی اور سفارتی ذرائع سے مسلسل رابطے تنازعہ جموں وکشمیر کے بارے میں عالمی آگاہی بڑھانے اور اس کے پُرامن حل کی کوششوں کو تقویت دینے میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں

سردار ایاز صادق کا بھارتی غیر قانونی زیر تسلط جموں وکشمیر کے عوام کیلئے پاکستان کی غیر متزلزل سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بھارتی غیر قانونی زیر تسلط جموں وکشمیر کے عوام کیلئے پاکستان کی غیر متزلزل سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ تنازعہ جموں وکشمیر کا اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق منصفانہ اور پائیدار حل جنوبی ایشیا میں دیرپا امن و استحکام کے لیے ناگزیر ہے۔ اپنے بیان میں اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ 27 اکتوبر 1947ء کشمیر کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے جب (باقی صفحہ اندرونی نمبر 23)



صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دینی مدارس کے خلاف کوئی سازش قبول نہیں کریں گے، ڈاکٹر اے جی انصاری

مولانا فضل الرحمان کی قیادت میں مدارس کے تحفظ کے لیے ہر قربانی دینے کو تیار ہیں

جیکب آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام سندھ کے پریس سیکریٹری ڈاکٹر اے جی انصاری نے کہا ہے کہ دینی مدارس کے خلاف کسی بھی قسم کی سازش قبول نہیں کی جائے گی اور قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان کی قیادت میں ہے پوائنٹ کی لاکھوں کارکن مدارس کے تحفظ کے لیے ہر قسم کی قربانی دینے کو تیار ہیں۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 22)

بلاول بھٹو زرداری کا سابق آرمی چیف جنرل (ر) عبدالوحید کاکڑ کے انتقال پر اظہار افسوس

پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے سابق آرمی چیف جنرل (ر) عبدالوحید کاکڑ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے جنرل (ر) عبدالوحید کاکڑ مرحوم کے اہل خانہ سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 21)

پنجاب میں خصوصی تعلیم کو ڈیجیٹلائز کرنے کا فیصلہ

ڈی جی ایجوکیشن ایجوکیشن شعیب خان جدون کی پی آئی ٹی بی کے وفد سے ملاقات

لاہور (این این آئی) پنجاب میں خصوصی تعلیم کے شعبے کو جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنے اور خصوصی بچوں کے لیے تدریسی نظام آسان بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ڈی جی ایجوکیشن شعیب خان جدون نے پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ (پی آئی ٹی بی) کے وفد سے ملاقات کی، جس میں خصوصی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 20)

دفعہ 144 کے نفاذ کیخلاف درخواست، لاہور ہائیکورٹ کی وکیل کو اڑال دینے کی ہدایت

پنجاب میں دفعہ 144 بغیر ایک سیاسی جماعت کے لیے استعمال کی جاری ہے، وکیل درخواست گزار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے دفعہ 144 کے نفاذ اور اس کے تحت عائد پابندیوں کے خلاف دائر متفرق درخواست پر درخواست گزار کے وکیل کو دلائل دینے کی ہدایت کر دی۔ جسٹس مبہر گل خان نے شیخ امتیاز محمود اور اعجاز شفیع کی درخواست پر سماعت کی۔ وکیل درخواست گزار نے مؤقف اپنایا کہ پنجاب (باقی صفحہ اندرونی نمبر 19)

کراچی پولیس وفیئر براچ کا مختلف اپتھالوں کا دورہ، زیر علاج اہلکاروں اور اہل خانہ کی عیادت

پولیس کا شیلبی عامر شاہ کے علاج کے لیے فوری طور پر خون کا انتظام

کراچی (این این آئی) انچارج ویلفیئر براچ کراچی پولیس آفس انسپکٹر شرافت خان نے سب انسپکٹر محمد شاہد کے ہمراہ ڈاؤ اسپتال، پی ای سی ایچ اسپتال اور اے کھنگ کا دورہ کیا۔ جہاں انہوں نے زیر علاج پولیس اہلکاروں اور ان کے اہل خانہ سے ملاقات کر کے خیریت دریافت کی اور انہیں ہر ممکن تعاون کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 17)

صدر ٹاؤن کی ترقی اور عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، منصور احمد شیخ

چیئرمین صدر ٹاؤن کا مختلف علاقوں کا دورہ، جاری ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کراچی ڈویژن کے سینئر نائب صدر اور چیئرمین صدر ٹاؤن منصور احمد شیخ نے کہا ہے کہ صدر ٹاؤن کی ترقی، شہریوں کو بنیادی سہولتوں کی فراہمی اور عوامی مسائل کا حل ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے صدر ٹاؤن کے مختلف علاقوں کا دورہ کرکے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 16)



صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکر کو ڈی ایل ایوب کی جانب سے سپورٹس کلب بارے بریفنگ دی جا رہی ہے

لوکل روڈ پروگرام کی کامیاب تکمیل کے بعد توسیع دینے کا فیصلہ

پنجاب حکومت لوکل روڈ پروگرام فیز ٹو شروع کرنے کی جانب گامزن

صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ کی زیر صدارت اجلاس

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا، جس میں لوکل روڈ پروگرام فیز ٹو پر کام شروع کرنے کے حوالے سے غور کیا گیا۔ اجلاس میں سیکرٹری ایڈیشنل سیکرٹریز اور ایس ایز نے آن لائن شرکت کی۔ صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ نے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 12)

پاکستان مسلم لیگ پنجاب کا خصوصی اجلاس، بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لینے کا اعلان

مسلم لیگ کی سیاست، بہبود، جدید قومی خدمت، سیاسی رواداری اور عوامی مسائل کے حل کے عزم کا اعادہ

پاکستان مسلم لیگ آئندہ بلدیاتی انتخابات میں بھرپور انداز میں حصہ لے گی، ملک سمین خان

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ ہاؤس لاہور میں پاکستان مسلم لیگ پنجاب کا ایک خصوصی اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت پارٹی کے دیگر عہدیداروں میں ترجمہ تاج ایم پی اے ہال عمران سیکرٹری اطلاعات پاکستان مسلم لیگ پنجاب لیگ ایونیو ایشن اینڈ کوآرڈینیشن ساجی سیٹھر نیلوفر بختیار نے خصوصی شرکت کی۔ اس موقع صوبائی صدر ملک سمین خان نے کی۔ اجلاس میں سینئر لیڈر شپ نے شرکت کی۔ اجلاس (باقی صفحہ اندرونی نمبر 11)

کراچی ایسٹ زون پولیس کی اسنیپ چیکنگ، 32 ملزمان گرفتار، 27 مقدمات درج

اسٹریٹ کرائم پر قابو پانے کے لیے ضلعی ایس ایس پیز کو متحرک رہنے، اضافی گشت کرنے اور اسنیپ چیکنگ کے عمل کو مؤثر بنانے کی ہدایت کی گئی ہے

دفعہ 144 کی خلاف ورزی، اسلحے کی نمائش کے خلاف کارروائیاں، مختلف اقسام کے 11 ہتھیار برآمد، 60 سے زائد گاڑیوں کے کالے شیشے پی ایز اوایے گئے

کراچی (این این آئی) ڈی آئی جی ایسٹ زون ڈاکٹر فرخ علی کی ہدایت پر ایسٹ زون کے تمام اضلاع میں امن وامان کے قیام اور اسٹریٹ کرائم کی روک تھام کے لیے یک وقت مختلف مقامات پر اسنیپ چیکنگ کی گئی، جس کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 3)

چنیوٹ گول بازار میں واسا کا کام ادھورا، شہری مشکلات کا شکار

شہریوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ پائپ لائنوں کی تنصیب کا کام فوری مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو مزید مشکلات سے نجات مل سکے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) چنیوٹ گول بازار میں واسا کی جانب سے پانی کی پائپ لائنیں ڈالنے کا کام ادھورا چھوڑ دیے جانے کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ نامکمل کام کے باعث آمد و رفت متاثر ہونے اور اہل علاقہ و دکانداروں کو متاثرہ جگہ کو بحال کیا جائے تاکہ عوام کو مزید مشکلات سے نجات مل سکے۔



تعلیم، صحت، خواتین، بااختیار ترقی کے اہداف کے حصول کیلئے مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں، سیکرٹری تعلیم عمل جان جعفر

کوئٹہ (این این آئی) سیکرٹری تعلیم بلوچستان عمل جان جعفر نے کہا ہے کہ تعلیم، صحت، خواتین اور بااختیار ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں۔ بہتر مستقبل کی تعمیر کے لیے حکومتی اداروں، (باقی صفحہ اندرونی نمبر 18)

کراچی: بین الاقوامی منشیات سپلائی نیٹ ورک کے مبینہ اہم کارندے میاں بیوی گرفتار

نیو سبزی منڈی چوکی پولیس کی کارروائی، 14 چپلوں میں چھپائی گئی منشیات اور چرس کے دو پیکٹ برآمد

ملزمان سے کوئٹہ سے کراچی منشیات لانے اور آسٹریلیا بھجوانے کے مبینہ نیٹ ورک سے متعلق اہم تفتیشی کی جاری ہے، پولیس حکام

کراچی (این این آئی) ایسٹ زون پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے بین الاقوامی منشیات سپلائی نیٹ ورک میں مبینہ طور پر ملوث میاں بیوی کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے منشیات برآمد کرلی ہے۔ ترجمان ایسٹ زون پولیس کے مطابق منشیات کے کاروبار کے خلاف ڈی آئی جی ایسٹ زون اور ایس ایس پی ایسٹ کی ہدایات پر ایس ایچ او نیو سبزی منڈی چوکی پولیس کی گھرانی میں نیو سبزی منڈی چوکی پولیس نے خفیہ اطلاع پر چاکیواڑہ کے قریب کارروائی کی۔ پولیس (باقی صفحہ اندرونی نمبر 15)

بلوچستان میں ڈیجیٹل گورننس کا دائرہ وسیع

28 محکموں میں ای فائلنگ کے بعد سمریز کی ڈیجیٹلائزیشن شروع

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کی سرکاری امور میں تیزی اور شفافیت یقینی بنانے کی ہدایت

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت ڈیجیٹل نظام کے فروغ اور انتظامی امور کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ بلوچستان کے 28 سرکاری محکموں میں ای فائلنگ کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 14)

بلوچستان کے سابق آرمی چیف جنرل (ر) عبدالوحید کاکڑ کے انتقال پر اظہار افسوس

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سابق چیف آف آرمی اسٹاف جنرل (ر) عبدالوحید کاکڑ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرحوم ایک ممتاز عسکری شخصیت تھے



لاہور: صوبائی وزیر ماحولیات، جنگلی حیات و ماحولیاتی تحفظ بیورو پنجاب فیصل کریم کنڈی، سی ای او ڈاکٹر عدنان رفیق اور دیگر افسران ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے اور شجرکاری مہم کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جعفر آباد: نامعلوم افراد کا کان کے تالے توڑ کر لاکھوں روپے مالیت کی مشینری و دیگر سامان لے اڑے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جعفر آباد ڈویژن کے ضلع جعفر آباد و ضلع اللہ یار پولیس کا دعویٰ ہے کہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپہ مار کارروائی کی جا رہی ہے۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 6)



لاہور: صوبائی دارالحکومت میں غروب آفتاب کا ایک خوبصورت منظر

مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران پاکستان کی معیشت میں مسلسل بہتری کے آثار ہیں

زرمبادلہ کے ذخائر ساڑھے 21 ارب ڈالر، برآمدات 11 فیصد اضافے کے ساتھ 11 ارب 20 کروڑ ڈالر ہو گئیں

ترسیلات زر 10 ارب 90 کروڑ ڈالر، براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری بڑھ کر 72 کروڑ ڈالر ہو گئی، مشیر خزانہ

لاہور (این این آئی) رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران پاکستان کی معیشت میں بہتری کے آثار برقرار ہے ہیں جن میں زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافے، برآمدات اور سرمایہ کاری میں بہتری، مثبتی قرضوں کی دہو بندی میں بہتری، فی شیئے کو قرضوں کی فراہمی میں توسیع اور اصلاحات میں پیشرفت شامل ہے۔ سرکاری ریڈیے نے مشیر خزانہ کے حوالے سے بتایا کہ ملک کے مرکزی بینک کے زرمبادلہ کے ذخائر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 8)

وزیراعظم کا سانحہ بہاول اور چیچہ وطنی کا تعزیتی دورہ، مسلم لیگ (ن) کے مرحوم رہنماؤں کے لواحقین سے فاتحہ خوانی

چیچہ وطنی (این این آئی) وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف ساہیوال اور چیچہ وطنی نے دورے کے دوران مسلم لیگ (ن) کے مرحوم رہنماؤں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 9)

معاشی استحکام کے لیے سیاسی استحکام ناگزیر ہے، رضوان نیازی

سیاسی بے یقینی کے خاتمے کے بغیر سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کرنا مشکل ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف سندھ کے ایڈیشنل جنرل سیکریٹری رضوان نیازی نے کہا ہے کہ ملک میں پائیدار معاشی استحکام کے لیے سیاسی استحکام بنیادی شرط ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ سیاسی بے یقینی کے خاتمے اور کاروباری طبقے کا اعتماد بحال کیے بغیر معیشت کی بہتری کے اہداف حاصل (باقی صفحہ اندرونی نمبر 10)

Scanned with CamScanner

Daily PUBLIC Faisalabad

روزنامہ پبلک فیصل آباد

ایڈیٹر/چیف: وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول امین پور بازار سے چھپوا کر بلاٹ نمبر P-289 بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ سمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

مسئلہ کشمیر کا پرامن حل ناگزیر

ایکسٹرکوی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بھارتی غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر کے عوام کیلئے پاکستان کی غیر متزلزل سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ تنازعہ جموں و کشمیر کا اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق منصفانہ اور پائیدار حل جنوبی ایشیا میں دیرپا امن و استحکام کے لیے ناگزیر ہے۔ اپنے بیان میں ایکسٹرکوی اسمبلی نے کہا کہ 27 اکتوبر 1947ء کشمیر کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے جب بھارتی افواج سری نگر میں داخل ہوئیں اور جموں کشمیر پر غیر قانونی قبضہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ 27 اکتوبر کا دن تنازعہ کشمیری عوام کے دیرینہ مطالبے کی یاد دہانی کراتا ہے۔ ایکسٹرکوی اسمبلی نے کشمیری عوام کی جرات، ثابت قدمی اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری عوام نسل در نسل اپنے وقار، آزادی اور انصاف کے حصول کے لیے جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ جغرافیہ خود ارادیت تنازعہ جموں و کشمیر کا بنیادی نکتہ ہے اور اس حوالے سے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں میں کیے گئے وعدوں پر عمل درآمد ضروری ہے۔ انہوں نے عالمی برادری، بالخصوص اقوام متحدہ، پر زور دیا کہ وہ بین الاقوامی ذمہ داریوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق تنازعہ جموں کشمیر کے پُرامن اور منصفانہ حل کے لیے اپنی کوششیں تیز کرے۔ انہوں نے بھارتی غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر میں بنیادی آزادیوں پر پابندیوں اور انسانی حقوق کی صورت حال سے متعلق اطلاعات پر تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ انسانی وقار، بنیادی حقوق اور آزادیوں کا تحفظ عالمی برادری کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے متبوضہ علاقے میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر عالمی سطح پر موثر توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ پارلیمانی سفارت کاری کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے سردار ایاز صادق نے کہا کہ پارلیمانوں اور منتخب نمائندوں کا مکالمے کے فروغ، تنازعات کے پُرامن حل اور بین الاقوامی قانون کے احترام میں اہم کردار ہے۔

درگزر کیا کریں

یہ معاملہ معمولی سی بات سے شروع ہوا تھا، پلیٹ اور ہاتھ کا رپڑ سے تلاش کیا گیا تو پتا چلا تھانہ کا نام سعادت انیس بھٹی ہے، عمر 50 سال ہے، جو ہر اتوار کو ہی شادی ہال چلا رہا ہے، اس کا ایک بھائی ایڈووکیٹ جنرل ہے اور یہ جو بھٹی ہے اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل ہے

تحریر: جاوید چوہدری

ٹاؤن کے ایک بلاک میں رہتا ہے، پولیس اس کے گھر پہنچی تو اس نے اس کے حواسوں میں ہوا بھائی، بندوق لہرا رہا تھا، اس میں دو گولیاں موجود تھیں، پولیس نے اسے سمجھانے کی کوشش کی، اس نے پولیس کو بھی دھمکیاں د

ایپ اور نگ ٹاک پر مظلوموں کی ترقی کے دعوؤں پر مبنی ویڈیو اور پلے لسٹس چلائی گئیں جس کی نمائش جاری ہے۔ سیاسی بصیرین کا کہنا ہے کہ اگر یہ حکومت اور الیکشن کمیشن کے درمیان تاریخ کا حتمی فیصلہ ہوتا بھی ہاتی ہے مگر ووٹرز اور نمائندوں کو ووٹوں کی فہرستیں کو ریویژن کے لیے کہ مجاہد ایک بڑے اور وسیع انتظامی ڈھانچے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ووٹرز فہرست کے مطابق ایک بڑے اور وسیع انتظامی ڈھانچے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ووٹرز فہرست کے مطابق ایک بڑے اور وسیع انتظامی ڈھانچے کی ضرورت ہوتی ہے۔

پیغمبر 1

شریف اور ان کی ٹیم کی محنت کی جھلک نظر آتی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے وفاق کو کاروباری آسانی کیلئے ڈیجیٹل پاسپورٹ سسٹم کی تیز ترین ترقی کا واحد راستہ ہے۔ روزگار بڑھانے کیلئے متاثرہ انڈسٹری کا فروغ ہے جو ضروری ہے۔ پنجاب میں سکل ڈیولپمنٹ کی ایک ہی چھت تلے ری ویمپ کیا گیا ہے۔ سکلز وائز سکلز ڈیولپمنٹ کونسل کا دفتر قائم کرانے کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں۔ سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے وزیراعلیٰ شہباز شریف کے اخلاص اور ایس آئی ایف ایف کی کاوشوں پر ہوا بھروسہ ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب لیگیں نہیں بنیاد بھرنا چاہتا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب لیگیں نہیں بنیاد بھرنا چاہتا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب لیگیں نہیں بنیاد بھرنا چاہتا ہے۔

پیغمبر 2

ایک مشہور ہار کردار اور حسد ماضر شخصیت دیا جا سکتا ہے جو بنیاں مرصوص کی عملی تصویر ہو اور جوان سال کی فکری واخلاقی تربیت کردار سازی اور قومی یکجہتی کے فروغ کے لیے سیرت نبوی ﷺ سے رہنمائی تلاش کرے۔

پیغمبر 3

سمیت طلب کر لیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم نے نظام بگھر کی درخواست پر سماعت کی، دوران سماعت چیف جسٹس عالیہ نیلم نے ریمارکس دیے کہ پانچ سال پہلے مقدمہ درج ہوا، مقدمہ گرفتار ہوا اور نہ ہی اس سے تفتیش جوابات کی

پاور لومز انڈسٹری کیلئے بلاسود قرضوں اور بجلی سستی کرنے کا مطالبہ

عالمی منڈی میں مقابلے کی صلاحیت برقرار رکھنے اور پیداواری معیار کو بہتر بنانے کے لیے جدید مشینری کی اشد ضرورت ہے

اگر مقامی انڈسٹری کے لیے بجلی کی قیمتیں سستی نہ کی گئیں تو مزید ملیں بند ہونے اور ہزاروں مزدوروں کے بے روزگار ہونے کا خدشہ ہے

فیصل آباد(سٹاف رپورٹر)چیئرمین آل پاکستان کاٹن پاور لومز ایسوسی ایشن چوہدری جاوید شریف نے وزیر خزانہ سے زوردار مطالبہ کیا ہے کہ ویونگ سیکٹر کی جدید کاری اور اپ گریڈیشن کے لیے ایکسپورٹ سیکٹر کی طرز پر بغیر سود کے آسان قرضے فراہم کیے جائیں اور لوکل انڈسٹری کو بچانے کے لیے بجلی کی قیمتوں میں فوری کمی کی جائے۔ انہوں نے چائنہ سے کپڑے کی امپورٹ پر بھی فوری اور مکمل پابندی عائد کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایسوسی ایشن کے اعلیٰ سطح کے ایگزیکٹو کونسل کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔چیئرمین فیڈرک رانا اظہر وقار، سینئر وائس چیئرمین عمر فاروق کاہلوں، وائس چیئرمین خرم شہزاد، سرپرست اعلیٰ جاوید صادق کاہلوں، چوہدری محمد نواز، اعجاز ناکرہ، عامر نثار، خالد عزیز، رانا عامر جاوید، اور لیس سدھے شیخ، سعید بھٹی اور دیگر بھی اس موقع پر موجود تھے۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چوہدری جاوید شریف نے کہا کہ مقامی پاور لومز انڈسٹری اس وقت شدید بحران اور مشکلات کا شکار ہے۔انہوں نے کہا کہ عالمی منڈی میں مقابلے کی صلاحیت برقرار رکھنے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 50)

اقبال نگر فیصل آباد میں الفلاح فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام فری میڈیکل کیمپ

ماہر ڈاکٹروں نے 289 مریضوں کا مفت معائنہ کیا اور ادویات تقسیم کیں

فیصل آباد(پ ر) الفلاح فاؤنڈیشن پاکستان کے تحت ضلع فیصل آباد کے علاقہ اقبال نگر میں ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا کیمپ میں سپیشلسٹ ڈاکٹرز کی ٹیم نے 289 مریضوں جن میں خواتین اور بچوں کی بڑی تعداد موجود تھی کا مفت معائنہ کیا اور ان میں مفت ادویات بھی تقسیم کیں۔ یہ فری میڈیکل کیمپ 10 بجے سے 12 بجے تک جاری رہا۔ کیمپ کا آغاز سلسلہ عالیہ کے ساتھیوں نے دعائے خیر سے کیا ساتھیوں کی کاوش سے مریضوں کی بہت بڑی تعداد نے چیک اپ بھی کرایا اور مفت ادویات بھی حاصل کی۔ ڈاکٹرز حضرات کو بہترین انداز میں دیکھ بھی کیا اور مہمان نوازی بھی کی۔یاد رہے کہ الفلاح فاؤنڈیشن (باقی صفحہ اندرونی نمبر 49)

شہر کی 4 اہم شاہرات کی مرمت اور بحالی کا کام مکمل

جی سی یونیورسٹی سے سوساں روڈ، جڑانوالہ روڈ کو نور چوک تا جی سی یونیورسٹی، ملت روڈ اور 279 روڈ پر سیور پائپ لائن بچھا کر معیاری تعمیر و مرمت کی گئی ہے

کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے بتایا کہ روڈز کی مرمت و بحالی کے لئے ڈیڈ لائنز مقرر کی گئی تھیں جن کی وقفہ وقفہ سے انسپکشن کا عمل بھی جاری رہا

فیصل آباد(سٹاف رپورٹر)وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر شہر کی 4، اہم شاہرات کی مرمت اور بحالی کا کام مکمل کرا لیا گیا ہے۔جی سی یونیورسٹی سے سوساں روڈ، جڑانوالہ روڈ کو نور چوک تا جی سی یونیورسٹی، ملت روڈ اور 279 روڈ پر سیور پائپ لائن بچھا کر معیاری تعمیر و مرمت کی گئی ہے جس کی بدولت شہریوں کو آرام دہ سفری سہولت میسر اور دیرینہ مسائل کا ازالہ ہوا ہے۔کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے بتایا کہ روڈز کی مرمت و بحالی کے لئے ڈیڈ لائنز مقرر کی گئی تھیں جن کی وقفہ وقفہ سے انسپکشن کا عمل بھی جاری رہا اور تمام روڈز داسا اور ہائی ویز نے مقررہ ٹائم فریم میں مکمل کرا دیئے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ جڑانوالہ روڈ پر میٹرو بس پراجیکٹ کے تعمیراتی کاموں کے باعث شہریوں کو متبادل ہموار راستوں کی دستیابی ترجیح ہے اور جڑانوالہ روڈ سے جی سی وایمن یونیورسٹی تک کارپٹ روڈ سے متبادل راستہ اور دیگر ملحقہ علاقوں تک بآسانی رسائی یقینی ہوگی۔انہوں نے کہا کہ یہ روڈ خستہ حالی کا شکار تھا جسے تیز رفتاری سے مکمل کرا کر شہریوں کو سہولت فراہم کی گئی ہے۔کمشنر نے بتایا کہ اس سے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 24)

ایل پی جی مافیا کو لگام ڈالنے کی اشد ضرورت ہے، اسامہ سعید

گھریلو گیس کی لوڈشیڈنگ کے باعث ایک واحد آپشن ایل پی جی ہی ہے



فیصل آباد(پ ر)چیئرمین لینڈ ریونیو اینڈ ہاؤسنگ کمیٹی پنجاب لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن، وائس چیئرمین مرکزی تنظیم تاجران پاکستان، وائس چیئرمین انجمن تاجران سٹی رجسٹرڈ فیصل آباد ملک اسامہ سعید اعوان، ملک حاکمین سعید اعوان نے کہا ہے کہ ایل پی جی مافیا کو لگام ڈالنے کی اشد ضرورت ہے۔گھریلو گیس کی لوڈشیڈنگ کے باعث ایک واحد آپشن ایل پی جی ہی ہے جس کا ریٹ مافیا نے آسمان پر پہنچا دیا ہے اور تعجب کی بات ہے بیوروکریسی، پیٹرولیم سمیت تمام محکمے مافیا کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 48)

کوئلہ کی مسلسل بڑھتی ہوئی قیمتوں پر فوری طور پر قابو پایا جائے، رانا فرمان

کوئلہ کی بے تحاشا قیمتوں اور گرانی قدر ٹیکسوں کی وجہ سے اینٹوں کی پیداواری لاگت میں ریکارڈ اضافہ ہو چکا ہے

فیصل آباد(سٹاف رپورٹر)بھٹہ مالکان ایسوسی ایشن شیخوپورہ روڈ کے صدر رانا فرمان خاں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ کوئلہ کی مسلسل بڑھتی ہوئی قیمتوں پر فوری طور پر قابو پایا جائے اور بھٹہ انڈسٹری کو تباہی سے بچانے کے لیے تمام عائد ٹیکسز ختم کیے جائیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے شیخوپورہ روڈ اور ملت روڈ سیکٹر کی مشترکہ میٹنگ سے خطاب کے دوران کیا۔ رانا فرمان خاں نے کہا کہ بھٹہ انڈسٹری اس وقت تاریخ کے شدید ترین مالی بحران اور مندی کا شکار ہے۔کوئلہ کی بے تحاشا قیمتوں اور گراں قدر ٹیکسوں کی وجہ سے اینٹوں کی پیداواری لاگت میں ریکارڈ اضافہ ہو چکا ہے،

محسن نقوی کا ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 47)



فیصل آباد، بھٹہ مالکان ایسوسی ایشن شیخوپورہ روڈ، ملت روڈ کی مشترکہ میٹنگ سے صدر رانا فرمان خاں، جنرل سیکرٹری حاجی غلام مصطفیٰ، سینئر نائب صدر رانا فلک شیر خاں میاں قربان علی، رضوان حسین، رحمانی خطاب کر رہے ہیں جبکہ رانا عمران، حاجی شہباز، اسرار رحمانی، رانا ندیم، ساجد بانسوتہ، عدنان نصیر اور دیگر بھی اس موقع پر موجود ہیں

فیصل آباد میں غیر قانونی آتش بازی کے تین مراکز سیل

آتش گیر مواد تلف، ایک مالک کے خلاف مقدمہ درج

فیصل آباد(سٹاف رپورٹر)ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق کی ہدایات پر سول ڈیفنس آفیسر جاوید اختر بھٹی کی زیر نگرانی محکمہ سول ڈیفنس کی انفورسمنٹ ٹیم نے غیر قانونی طور پر آتش بازی کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف مائی مستانی روڈ، چک نمبر 229 رب، محکوآنہ فیصل آباد میں کارروائی عمل میں لائی۔ کارروائی کے دوران تین مقامات پر افراد بغیر قانونی لائسنس کے آتش بازی کا غیر قانونی کاروبار کرنے اور آتش گیر مواد تیار کرنے میں ملوث پائے گئے۔محکمہ سول ڈیفنس کے چیف انسٹرکٹر محمد الطاف نے سول ڈیفنس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے تینوں مقامات کو سربمہر کر دیا جبکہ برآمد (باقی صفحہ اندرونی نمبر25)

وزیر اعظم کی پالیسیوں سے معیشت بہتری کی جانب گامزن، عوام کو ریلیف دینے کے لیے اقدامات کیے، رانا تنویر حسین

شیخوپورہ(این این آئی)وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی موثر پالیسیوں کی بدولت پاکستان کی معیشت کو مشکلات سے نکالنے اور بہتری کی جانب گامزن کرنے میں اہم پیش رفت ہوئی ہے، خلیجی جنگ (باقی صفحہ اندرونی نمبر26)

مری میں افسوسناک حادثہ، ایک ہی خاندان کے 7 افراد جاں بحق

مری(این این آئی)مری میں رکھالہ روڈ پر افسوسناک ٹریفک حادثہ پیش آیا جس میں ایک ہی خاندان کے 7 افراد جاں بحق ہو گئے۔ریسکیو حکام کے مطابق رکھالہ روڈ پر گاڑی کھائی میں گرنے سے آگ بھڑک اٹھی جس کے نتیجے (باقی صفحہ اندرونی نمبر27)



فیصل آباد 19 ویں سالانہ محفل میلاد ﷺ زیر صدارت محمد شاہد چشتی مرکز گلی نمبر ستیانہ روڈ جمال میں محمد خاور عظیم طاہر محمود ساہری محمد ابوبکر شاہد چشتی محمد اسامہ مدنی محمد طیب محمد جنید رانا عدالحبیب شیخ عامر سلطانی محمد عارف حفیظ بٹالوی عمران چشتی میاں اشرف عدنان خان محمد خلیل ملک اسلم محمد محمود محمد کاشف و دیگر شریک ہیں

مہنگائی، ایل پی جی قیمتوں میں اضافہ اور بدامنی سے عوام پریشان، حافظ عبدالعزیز

حکومت مہنگائی پر قابو پانے، امن و امان کی بہتری اور تاجروں کے مسائل حل کرنے کیلئے فوری اقدامات کرے



فیصل آباد(سٹاف رپورٹر)حتان ایجوکیشن ویلفیئر کے صدر وسیمی فوڈز پاکستان کے ڈائریکٹر حافظ عبدالعزیز نے کہا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں بھی ہوشربا اضافہ عوام کے لیے مزید مشکلات کا سبب بن رہا ہے۔ اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں پہلے ہی پیٹرولیم مصنوعات کے بڑھتے ہوئے نرخوں کے باعث مسلسل اضافے کی زد میں ہیں، جبکہ گیس کی قیمتوں میں اضافے نے عوام کی پریشانیوں میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔انہوں نے امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال (باقی صفحہ اندرونی نمبر 46)



فیصل آباد۔لائیکپور میوزیم میں شہر کی 1896ء کی تصویراتی گیلری/کارنر کا دورہ کر رہے ہیں

وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے تحت بلوچستان کے نوجوانوں کو ڈیجیٹل تربیت اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کی تجویز

کراچی(این این آئی)وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے تحت بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید ڈیجیٹل مہارتوں کی تربیت اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے ایک مجوزہ منصوبے پر غور کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان اور (باقی صفحہ اندرونی نمبر 45)

کرپشن اور حکومتی عدم توجہی نے عوام کا اعتماد کمزور کر دیا، حاجی محمد عمران

مسائل کے باوجود نوجوانوں اور عوام میں ملک کی بہتری کی امید زندہ ہے، تاجر رہنما

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر)انجمن تاجران بیرون چنیوٹ بازار سرگلر روڈ کے صدر حاجی محمد عمران نے کہا کہ وفاقی و صوبائی حکومتوں کی عدم توجہ، نا اہلی کی بدولت پاکستان میں کرپشن ایک بہت بڑا مسئلہ ہے۔ عوام کے پیسے حکومتی اہلکاروں اور طاقتور حضرات کے ہاتھوں ضائع یا غلط طریقے سے استعمال ہوتے ہیں۔اس سے عوام کی توقعات اور اعتماد کمزور ہوتے جا رہے ہیں۔ جب حکومتی ادارے موثر اور شفاف کام کرنے میں ناکام ہوتے ہیں، تو یہ ملک ایک ایسا کنواں بن جاتا ہے جہاں سے نکلنے کا کوئی راستہ دکھائی نہیں دیتا۔اگرچہ پاکستان میں مسائل بہت ہیں، (باقی صفحہ اندرونی نمبر 44)

خیبر پختونخوا کے عوام نے انتشار کی سیاست مسترد کر دی، تو صیف نواز

پاکستان تحریک انصاف کے 13 سالہ دور حکومت کے خاتمے پر صوبے کے عوام نے سکھ کا سانس لیا ہے



فیصل آباد(پ ر) سٹی صدر پاکستان مسلم لیگ ن لیبر ونگ فیصل آباد تو صیف نواز خان نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کے عوام نے انتشار کی سیاست مسترد کر دی، صوبے میں مار اور کرپشن کے دور کا خاتمہ ہو گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کے 13 سالہ دور حکومت کے خاتمے پر صوبے کے عوام نے سکھ کا سانس لیا ہے اور وہ اس دور سے نجات ملنے پر خوش ہیں۔(باقی صفحہ اندرونی نمبر 43) خیبر پختونخوا سے لوٹ جلد تبدیلی نظر آئے گی۔

ٹیکسٹائل انڈسٹری بحران کا شکار، سدرہ سعید بندیشہ

پاور لومز کی بندش سے بے روزگاری میں اضافہ ہو رہا ہے



فیصل آباد(سٹاف رپورٹر)پاکستان پیپلز پارٹی کی ٹکٹ ہولڈر این اے 100 سدرہ سعید بندیشہ نے کہا ہے کہ بجلی، گیس اور پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے ٹیکسٹائل انڈسٹری کو موت کے منہ میں دھکیل دیا ہے، لاکھوں گھرانے اس روزگار سے وابستہ ہیں۔ ملکی حالات کی سنگین سیاسی و معاشی بحرانی کیفیت نے شدید مالی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے پاور لومز کی بندش سے جہاں لاکھوں صنعتی مزدور بے روزگاری کے باعث (باقی صفحہ اندرونی نمبر 42)

فیصل آباد میں ڈکیتی اور موبائل چھیننے کی وارداتوں میں اضافہ، سردار عامر حیات سندھو

شہریوں کی جان و مال غیر محفوظ، پولیس جرائم پر قابو پانے میں ناکام، پیپلز پارٹی رہنما



فیصل آباد(سٹاف رپورٹر)پاکستان پیپلز پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر پی پی 109 سردار عامر حیات سندھو نے کہا کہ، مجرم اور جرائم پیشہ عناصر کھلے عام دندناتے پھر رہے ہیں جبکہ حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے خاموش تماشائی بنے بیٹھے ہیں۔ فیصل آباد کے شہری چوری اور ڈکیتی کی درجنوں وارداتیں ضلعی پولیس کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہیں انہوں وارداتوں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 29)

پاکستان کی زمین قدرتی وسائل سے مالا مال ہے

تعلیم اور صحت کی سہولیات ملک کی ترقی کی کنجی ہیں، ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ



فیصل آباد(سٹاف رپورٹر)پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و ایم این اے ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ نے کہا کہ پاکستان کی زمین قدرتی وسائل سے مالا مال ہے گذشتہ دہائیوں میں، دہشتگردی اور اندرونی بدامنی کی صورتحال نے ناقابل تلافی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 28) پاکستان کو ایک خطرناک ملک بنا دیا ہے۔ عوام روزانہ کی بنیاد پر خوف اور عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ اسکول، مساجد، بازار، اور عوامی مقامات پر حملے عام ہو گئے ہیں، جس سے لوگوں کی زندگیوں پر

حافظ نعیم الرحمٰن کی قیادت میں عوامی حقوق کی تحریک کامیاب ہوگی

ایسے نظام کی ضرورت ہے جو ملک سے مہنگائی، بے روزگاری، بھوک اور غربت کا خاتمہ کر کے عوام کی زندگیوں میں خوش حالی پیدا کر سکے، خالدہ محمود چوہدری

ملک میں عادلانہ، منصفانہ اور فلاحی نظام کے قیام کے لیے حافظ نعیم الرحمٰن کی قیادت میں جاری تحریک کا ساتھ دیں، میاں طاہر ایوب

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر)ریلوے پریم یونین کے مرکزی چیف آرگنائزر خالد محمود چوہدری اور سابق یونین کونسل ناظم و چیئرمین میاں طاہر ایوب نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن کی قیادت میں لیوی بھتہ ٹیکس ختم کرنے، بجلی سستی کرنے اور دیگر عوامی مطالبات کے حل کے لیے جاری تحریک انشاءاللہ جلد کامیاب ہوگی۔ یہ تحریک دراصل پاکستان میں ایک عادلانہ، منصفانہ اور فلاحی نظام کے قیام کی جدوجہد ہے۔ ایسے نظام کی ضرورت ہے جو ملک سے مہنگائی، بے روزگاری، بھوک اور غربت کا خاتمہ کرے، ہر فرد کو باعزت روزگار، سر چھپانے کے لیے جگہ اور پُرامن ماحول میسر ہو۔ اگر کوئی حکمران اور نظام عوام کو بنیادی ضروریات زندگی فراہم کرنے میں ناکام رہے اور لوگ مجبوری کے عالم میں جرائم کی طرف مائل ہونے لگیں تو اس صورت حال کے اسباب اور حکومتی ذمہ داریوں کا سنجیدہ احتساب (باقی صفحہ اندرونی نمبر 40)

نصرت بھٹو کی جمہوریت کیلئے خدمات تاریخ کا حصہ، شکور گجر

جن تکالیف، صدمات، تشدد و گرفتاریوں کا سامنا کیا اسکی مثال نہیں ملتی، رہنما پیپلز پارٹی



فیصل آباد(سٹاف رپورٹر)بیگم نصرت بھٹو نے جس نوعیت کی تکالیف، صدمات، تشدد اور گرفتاریوں کا سامنا کیا، اس کی مثال نہیں ملتی۔ان خیالات کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور ٹکٹ ہولڈر پی پی 114 چوہدری شکور گجر نے اپنے بیان میں کیا۔انہوں نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو آخری دم تک ذوالفقار علی بھٹو شہید کیساتھ سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑی رہیں۔ بیگم نصرت بھٹو نے اپنے بیٹوں کی شہادتوں سمیت نا قابل برداشت صدمات کا سامنا کیا، لیکن وہ ذرا بھی نہیں ڈگمگائیں۔ انہوں نے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 41)

دین کی خدمت اور استحکام پاکستان ہمارا مشن ہے، محمد جاوید اقبال کھارا

حضرت ضیا الامت جسٹس پیر محمد کرم شاہ الازہری رحم اللہ علیہ کی خدمات کا ایک زمانہ معترف ہے

احیاء دین کا یہ سفر سو سال سے آستانہ عالیہ امیر السالکین بھیرہ شریف سے جاری ہے اور دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف کی علمی تحریک اب پوری دنیا میں اپنا اثر رکھتی ہے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر)انجمن طلبا اسلام کے سابق مرکزی صدر اور پاکستان فلاح پارٹی کے سینئر وائس چیئرمین سید آفتاب عظیم بخاری کی قیادت میں وفد نے محمد جاوید اقبال کھارا مرکزی صدر الکرم فرینڈز پاکستان سے ملاقات کی۔اس موقع پر مرکزی صدر الکرم فرینڈز پاکستان نے الکرم فرینڈز کے ملک بھر میں تنظیموں دوروں کے اہداف اور مقاصد سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ حضرت ضیاالامت جسٹس پیر محمد کرم شاہ الازہری رحم اللہ علیہ سے ملک بھر میں پیار کرنیوالے اس پلیٹ فارم پر خدمت دین متین اور استحکام پاکستان کے لیے جمع ہو رہے ہیں۔انہوں نے کہا احیاء دین کا یہ سفر سو سال سے آستانہ عالیہ امیر السالکین (باقی صفحہ اندرونی نمبر 30)

ایل پی جی ہر گھر کی بنیادی ضرورت بن چکی ہے

عوام مہنگے داموں گیس خریدنے پر مجبور ہیں، پروفیسر محبوب الزماں بٹ



فیصل آباد(سٹاف رپورٹر)جماعت اسلامی کے ضلعی امیر پروفیسر محبوب الزماں بٹ، جنرل سیکرٹری چوہدری محمد سلیم نے ایل پی جی کی بلیک مارکیٹنگ، قیمتوں میں خودساختہ ہوشربا اضافہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایل پی جی مافیا مصنوعی قلت پیدا کر کے من مانے نرخ وصول کر کے عوام کی جیبوں پر دن دہاڑے ڈاکہ ڈال رہا ہے جبکہ صوبائی حکومت کی کارکردگی صرف اشتہارات اور ٹک ٹاک تک محدود ہو کر رہ گئی ہے۔ عوام کو وقت کی روٹی میسر نہیں جبکہ وزیر اعلیٰ کی تشہیر پر قومی خزانہ کا بے دریغ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 39)

فیصل آباد۔جڑانوالہ روڈ کو نور چوک سے جی سی وایمن یونیورسٹی تک سڑک کی مرمت و بحالی اور کارپٹنگ مکمل کر دی گئی

فیصل آباد میں ٹیکسوں کی بھرمار، تاجر برادری شدید پریشان

میسکو بلوں میں کم از کم ایک ہزار روپے انکم ٹیکس وصولی، تاجروں کا ریلیف کا مطالبہ

فیصل آباد (آن لائن) مہنگائی کے پرفتن دور میں تاجر برادری پس کر رہ گئی' کاروبار نہ ہونے کے برابر جبکہ ٹیکسوں کی بھرمار' فیسکو نے بھی دکانداروں سے کم از کم ایک ہزار روپے بطور انکم ٹیکس کی مد میں بجلی کے بلوں میں وصول کرنا شروع کر دیئے ہیں جبکہ دیگر سرکاری محکموں کی طرف سے تاجروں سے مختلف اقسام کے درجن بھر ٹیکس وصول کیے جا رہے ہیں جسکی وجہ سے تاجر برادری روز بروز ٹیکسوں کی بھرمار اور پیرافورس کی طرف سے دھڑا دھڑ جرمانوں کے باعث شدید پریشان ہے۔شہر بھر کی تاجر برادری ٹیکسوں کی بھرمار کی وجہ سے ذہنی اذیت کا شکار ہے۔ تاجروں کا کہنا ہے کہ دکان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 31)

پاکستان کی سب سے بڑی مشکل معاشی بحران ہے، طاہر شیخ

مہنگائی روز بروز بڑھ رہی ہے، بے روزگاری کا تناسب بھی بڑھتا جا رہا ہے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژنل وڈسٹرکٹ میڈیا کوآرڈینٹر محمد طاہر شیخ نے کہا کہ بے لگام اشرافیہ اور منہ زور بیوروکریسی کی ہٹ دھرمی کی وجہ سے "پاکستان اپنی عوام کے لیے کنواں ہے یا کھائی؟ پاکستان اپنی عوام کے لیے کنواں ہے یا کھائی؟ اس کو سمجھنے کے لئے ایسا کوئی دماغ نہیں پیدا ہوا، مگر یہ حقیقت ہے کہ پاکستان ایک عظیم ملک ہے جس کی بنیادوں میں صلاحیتوں اور وسائل کی کوئی کمی نہیں، پاکستان کی سب سے بڑی مشکل معاشی بحران ہے۔ مہنگائی روز بروز بڑھ رہی ہے، بے روزگاری کا تناسب بھی بڑھتا جا رہا ہے، اور بنیادی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 33)

صدر زرداری کا ڈیرہ اسماعیل خان میں آپریشن کے دوران 6 خوارجی دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد(این این آئی)صدر مملکت آصف علی زرداری نے ڈیرہ اسماعیل خان میں سیکیورٹی فورسز کے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران بھارتی سرپرستی میں سرگرم چھ خوارجی دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ایوان صدر کے میڈیا ونگ (باقی صفحہ اندرونی نمبر32)

بلوچستان میں بدامنی، بے روزگاری، مہنگائی اور معاشی بحران نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، سینیٹر سراج الحق

کوئٹہ(این این آئی) سابق امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ بلوچستان میں بدامنی، بے روزگاری، مہنگائی اور معاشی بحران نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے بلوچستان میں امن و امان کی مخدوش (باقی صفحہ اندرونی نمبر 34)

وزیر اعظم کی ہدایت پر 70 ہزار خاندانوں کو 25 ہزار روپے کی امداد کا آغاز



فیصل آباد میں وزیر اعظم کی ہدایت پر 70 ہزار خاندانوں کو 25 ہزار روپے کی امداد کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر فیصل آباد کامران لاشاری نے ڈی سی آفس میں امدادی چیک تقسیم کرنے کی تقریب کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ڈی سی نے کہا کہ مستحق خاندانوں کی رجسٹریشن کا عمل مکمل کر لیا گیا ہے۔ پہلے مرحلے میں 70 ہزار خاندانوں کو امداد دی جائے گی۔ ڈی سی نے کہا کہ امداد کی تقسیم کا عمل شفاف طریقے سے مکمل کیا جائے گا۔ ڈی سی فیصل آباد کامران لاشاری، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) عمر فاروق کاہلوں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (فنانس اینڈ پلاننگ) عبدالرحمان، اسسٹنٹ کمشنر سٹی عبدالرحمان بھٹی، اسسٹنٹ کمشنر جڑانوالہ عبدالرحمان، اسسٹنٹ کمشنر سمندری عبدالرحمان، اسسٹنٹ کمشنر تاندلیانوالہ